# نہی عن المنکر سے پہلو تہی بھی زوال کا ایک بڑا سبب

قرآن مجید میں متعدد مقامات پر مختلف اسالیب میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی طرف توجہ دلائی گئی ہے اور تقریباً ہر جگہ ساتھ ساتھ ذکر کیا گیا ہے سوائے ان مقامات کے جہاں خاص سیاق میں کسی ایک پہلو کا تذکرہ مقصود ہو، چنانچہ خیر کی دعوت دیتے ہوئے ایک طرف تو قرآن مجید کا یہ اسلوب ہے ''**ولتکن منکم امة یدعون إلی الخیر و یامرون بالمعروف و ینھون عن المنکر و اولئک ھم المفلحون**'' (آل عمران ۱۰۴) (ترجمہ: تم میں کچھ لوگ تو ایسے ضرور ہی رہنے چاہئیں جو نیکی کی طرف بلائیں، بھلائی کا حکم دیں اور برائیوں سے روکتے رہیں جو لوگ یہ کام کریں گے وہی فلاح پائیں گے) دوسری طرف قرآن مجید نہی عن المنکر کو ترک کرنے والوں، آنکھوں پر پٹی باندھنے والوں، قانون الٰہی تبدیل کر لینے والوں اور برائی کی روک تھام سے جان چرانے اور راہ فرار اختیار کرنے والوں اور اس کے سبب زوال پذیر ہونے والوں کا تذکرہ کچھ اس اسلوب میں کرتا ہے ''**لعن الذین کفروا من بنی اسرائیل علی لسان داؤد و عیسی بن مریم ذٰلک بما عصوا و کانوا یعتدون، کانوا لایتناھون عن منکر فعلوہ لبئس ماکانوا یفعلون**'' (مائدہ ۷۸-۷۹) (ترجمہ: بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ان پر داؤد اور عیسیٰ ابن مریم کی زبان سے لعنت کی گئی کیونکہ وہ سرکش ہو گئے تھے اور زیادتی کرنے لگے تھے انھوں نے ایک دوسرے کو برے افعال کے ارتکاب سے روکنا چھوڑ دیا تھا برا طرز عمل تھا جو انھوں نے اختیار کیا) غور سے پڑھیے تو اندازہ ہوگا کہ بنی اسرائیل پر خدا نے داؤد و عیسی کی زبان سے لعنتیں بھیجیں کیونکہ انھوں نے نافرمانیاں اور زیادتیاں کیں، اس کا سبب یہ ہوا کہ وہ جن برائیوں میں مبتلا ہوئے اور جو بدترین کرتوت انجام دیے۔



ڈاکٹر محمد طارق ایوبی

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی اس دین میں بڑی اہمیت ہے، دونوں یکساں طور پر فرض ہیں، دونوں میں تفریق کی گنجائش نہیں، بلکہ یوں کہیے کہ اسی کے لیے اس امت کو پیدا کیا گیا ہے، ارشاد باری ہے ''کنتم خیر امة أخرجت للناس تأمرون بالمعروف وتنھون عن المنکر'' مگر واقعہ یہ ہے کہ امر بالمعروف کا فریضہ تو کسی نہ کسی حال میں نبھایا جاتا ہے، خیر کی طرف بلانے کا عمل کسی نہ کسی شکل میں جاری رہتا ہے، اور اب بھی جاری ہے، لیکن نہی عن المنکر کا دائرہ بڑا محدود ہے، منکر کی نکیر، غلط اقدام پر روک ٹوک، بے جا عمل پر تنقید کو ایک تو خود ہی بہت مشکل کام ہے، دوسرے اس کو خواہ کوئی کتنی ہی اچھی طرح انجام دے، لاکھ منطقی و استدلالی اسلوب میں خبیث کو طیب سے الگ کرنے کا کام کرے مگر ہمارے معاشرے میں اس کو سرے سے پسند ہی نہیں کیا جاتا، ذرا جو آپ نے غلط قول و عمل، مہلک پالیسیوں اور خطرناک اقدامات پر زبان کھولی تو لوگ فوراً پیچھے پڑ جاتے ہیں اور کچھ یوں نصیحت کرتے ہیں خود خیر کے کام کیجیے، لوگوں کو خیر کی طرف بلائیے، کسی پر تنقید سے کیا حاصل، کسی کی ٹانگ کھینچنے سے کیا فائدہ، بڑے بڑے غلط ترین ملی فیصلوں سے ملت تباہ ہوتی ہے تو ہو جائے مگر منکر کی نکیر کرنا ایک بہت بڑا جرم ہے، اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ معاشرہ میں من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو کا چلن عام ہے، لوگ اس لیے بھی غلط کو غلط نہیں کہتے کہ اکثر لوگ ناراض ہو جاتے ہیں، مصلحتیں منکر کی نکیر کرنے سے قربان ہو جاتی ہیں، مراعاتیں ختم ہو جاتی ہیں، لوگ جھوٹی سچی تعریفیں سننے اور کرنے کے عادی ہو چکے ہیں، کانوں کو مدح سرائی اور القاب نوازی کے علاوہ کوئی حقیقت پسندانہ لفظ تک سننا گوارہ نہیں، بات تو یہاں تک آ پہنچی ہے کہ لوگ اپنے ممدوح میں سوائے سامانِ توصیف و تعریف کے کچھ پاتے ہی نہیں۔

دیکھوں تجھے تو دامن توصیف کھا اٹھے
ایک حرف بھی ملا نہیں تنقید کے لیے

یا یوں کہیے کہ۔

جملے تنقید کے سب حذف ہو گئے

صورت حال یہ ہے کہ ایک بچے کو بھی منہ پر ٹوک دیجیے تو پیشانی پر بل پڑ جاتے ہیں چہ جائیکہ کوئی بڑا ہو، صاحب حیثیت ہو، حالانکہ بعض لوگوں نے حقیقی معنی میں نصیحت و خیر خواہی اسی کو قرار دیا ہے کہ وہ جس کے منہ پر کی جائے اسے بری لگے، ''میمون بن مہران نے اپنے ایک ساتھی سے کہا میرے منہ پر وہ بات کہو جس کو میں ناپسند کرتا ہوں، اس لیے کہ کوئی شخص اپنے بھائی کے لیے اس وقت تک ناصح نہیں ہو سکتا جب تک اس کے منہ پر وہ بات نہ کہے جسے وہ ناپسند کرتا ہو''۔ (نضرة النعیم ۵۳۸/۳)

جی میں آتا ہے کہ ان چیں بہ جبیں ہونے والوں اور ناراض ہو جانے والوں سے شاعر کی زبان میں یوں کہا جائے کہ

طیش میں آنے لگے تم تو میری تنقید پر
اس قدر حساس ہو تو آئینہ دیکھا کرو

قرآن مجید میں متعدد مقامات پر مختلف اسالیب میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی طرف توجہ دلائی گئی ہے اور تقریباً ہر جگہ ساتھ ساتھ ذکر کیا گیا ہے سوائے ان مقامات کے جہاں خاص سیاق میں کسی ایک پہلو کا تذکرہ مقصود ہو، چنانچہ خیر کی دعوت دیتے ہوئے ایک طرف تو قرآن مجید کا یہ اسلوب ہے ''**ولتکن منکم امة یدعون إلی الخیر و یامرون بالمعروف و ینھون عن المنکر و اولئک ھم المفلحون**'' (آل عمران ۱۰۴) (ترجمہ: تم میں کچھ لوگ تو ایسے ضرور ہی رہنے چاہئیں جو نیکی کی طرف بلائیں، بھلائی کا حکم دیں اور برائیوں سے روکتے رہیں جو لوگ یہ کام کریں گے وہی فلاح پائیں گے) دوسری طرف قرآن مجید نہی عن المنکر کو ترک کرنے والوں، آنکھوں پر پٹی باندھنے والوں، قانون الٰہی تبدیل کر لینے والوں اور برائی کی روک تھام سے جان چرانے اور راہ فرار اختیار کرنے والوں اور اس کے سبب زوال پذیر ہونے والوں کا تذکرہ کچھ اس اسلوب میں کرتا ہے ''**لعن الذین کفروا من بنی اسرائیل علی لسان داؤد و عیسی بن مریم ذٰلک بما عصوا وکانوا یعتدون، کانوا لایتناھون عن منکر فعلوہ لبئس ماکانوا یفعلون**'' (مائدہ ۷۸-۷۹) (ترجمہ: بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ان پر داؤد اور عیسیٰ ابن مریم کی زبان سے لعنت کی گئی کیونکہ وہ سرکش ہو گئے تھے اور زیادتی کرنے لگے تھے انھوں نے ایک دوسرے کو برے افعال کے ارتکاب سے روکنا چھوڑ دیا تھا برا طرز عمل تھا جو انھوں نے اختیار کیا) غور سے پڑھیے تو اندازہ ہوگا کہ بنی اسرائیل پر خدا نے داؤد و عیسی کی زبان سے لعنتیں بھیجیں کیونکہ انھوں نے نافرمانیاں اور زیادتیاں کیں، اس کا سبب یہ ہوا کہ وہ جن برائیوں میں مبتلا ہوئے اور جو بدترین کرتوت انجام دیے، آپس میں اس کی روک تھام کے عمل اور منکرات پر نکیر کے سلسلہ کو بند کر دیا، نتیجہ جو ہوا وہ معلوم ہے کہ ان کو معزول کر دیا گیا، ان کی افضلیت ختم کر دی گئی ان کی عالمی حیثیت کے باوجود ان کو دنیا کی ذلیل و رسوا ترین قوم بنا دیا گیا، یہ لعنتیں جو کی گئیں وہ انجیل میں موجود ہیں، مفسرین نے اس آیت کے ضمن میں نقل کی ہیں، ان کے الفاظ انتہائی سخت ہیں، ان کی کرتوتوں کا ان میں تذکرہ ہے، مگر پڑھیے تو لگتا ہے کہ وہی سب کچھ اس امت میں ہو رہا ہے، برائی پر روک ٹوک کو خود برا عمل سمجھ لیا گیا ہے، حالانکہ اس تفریق کی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی، بسا اوقات تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس امت میں بھی دو قانون جاری ہیں، بنی اسرائیل کی طرح اشرافیہ کے لیے الگ قانون ہے، اور عام لوگوں کے لیے الگ قانون ہے، خدانخواستہ اگر کسی غلط اقدام کی نکیر کر دی جائے تو پھر دوانتہائیں وجود میں آتی ہیں، ایک طبقہ تو وہ ہوتا ہے جو کہتا ہے کہ وہ بڑے ہیں، ان کا علم و تجربہ زیادہ ہے، انھوں نے جو کہا ہوگا اس کی مصلحت وہی جانتے ہوں گے کسی کو ان پر نقد کا کیا حق حاصل، کون ہے جو ان کے مقام و مرتبہ تک پہنچ سکتا ہے؟ جب کہ دوسری طرف ایک طبقہ حسب و نسب تک کھود ڈالنے پر آمادہ ہوتا اور پروپیگنڈے اور فحش کلامی تک اتر آتا ہے، حالانکہ ہونا یہ چاہیے تھا کہ بغیر کسی تفریق کے بس برائی کو برا کہا جاتا، مگر یہ فریضہ ادا کرنا تو تقریباً سبھی نے چھوڑ دیا، الا یہ کہ کچھ مضامین میں برائیاں شمار کرا دی جائیں یا علی العموم منکرات کا گفتگو میں تذکرہ کر دیا جائے، سوچنے کا مقام ہے کہ بنی اسرائیل کے ملعون ہو جانے کا ایک سبب قرآن مجید نے یہ قرار دیا ہے کہ انھوں نے آپس میں ایک دوسرے کو برائی پر روکنا اور ٹوکنا بند کر دیا ہے۔ عبداللہ بن مسعودؓ کی روایت ہے کہ رسول اکرمؐ نے یوں فرمایا:

**إن أول مادخل النقص علی بنی اسرائیل کان الرجل یلقی الرجل فیقول: یا ھٰذا اتق اللّٰہ و دع ما تصنع فإنه لا یحل لک، ثم یلقاہ من غد فلا یمنعه ذٰلک أن یکون أکیله و شریبه و قعیدہ، فلما فعلوا ذٰلک ضرب اللّٰہ قلوب بعضھم ببعض، ثم قال ''لعن الذین کفروا من بنی اسرائیل علی لسان داؤد و عیسیٰ بن مریم (المائدة ۷۸-۸۱) إلی قوله فاسقون'' ثم قال: ''کلا واللّٰہ لتأمرن بالمعروف ولتنھون عن المنکر، ولتأخذن علی یدی الظالم و لتأطرنّه علی الحق أطرا ولتقصرنّه علی الحق قصرا**۔ (مسند احمد ۱/۳۹۱)

(ترجمہ: بنی اسرائیل کے اندر پہلی جو بیماری داخل ہوئی وہ یہ کہ باہم جب وہ ملتے تو ایک دوسرے کو تلقین کرتے کہ اللہ سے ڈرو ہر وہ کام جو تمہارے لیے جائز نہیں (عصیان) اس سے باز آجاو، آئندہ پھر جب ملاقات ہوتی تو وہ ایک دوسرے کے ندیم و ہم نشیں اور ہم پیالہ ہونے کی وجہ سے منکرات پر روک ٹوک نہیں کرتے، جب یہ مرض ان کے اندر عام ہو گیا تو اللہ نے ان ہی کی زبانی ان پر لعنت بھیجی، پھر آپ نے یہ آیت پڑھی ''بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ان پر داؤد اور عیسیٰ ابن مریم کی زبان سے لعنت کی گئی''، پھر آپ نے ارشاد فرمایا تمہاری بعثت کا مقصد ہی بھلائی کا حکم اور برائی سے روکنا ہے تمہیں بھیجا ہی اس لیے گیا ہے کہ تم ضرور ظالم کا ہاتھ ظلم سے روکو گے اور خود بھی ظلم سے بچو گے، حق پر جمے رہو گے)

غور کیجیے آج ہم کہاں کھڑے ہیں ظالم کے ساتھ یا مظلوم کے ساتھ، کیا ہمارے اندر ظالم کو ظالم اور ظلم کو ظلم کہنے کی جرأت ہے، ظلم حکومت بھی کرتی ہے، عوام سے بھی ظلم کا ارتکاب ہوتا ہے، ظلم امیر بھی کر سکتا ہے اور غریب بھی، ظلم کے مرتکب اہل دین بھی ہو سکتے ہیں اور دین بیزار بھی، ظلم کی تعریف وضع الشیٔ فی غیر محله کو ملحوظ رکھیے تو جگہ جگہ ظلم نظر آئے گا، ظلم گھروں میں، معاشرہ میں، حکومت میں، اداروں میں اور تنظیموں میں ہر جگہ ہو سکتا ہے، سوال تو یہ ہے کہ کیا اپنی آنکھوں کے سامنے ہونے والے ظلم کو ہم ظلم کہتے ہیں اور کیا ہمارے اندر حق کے ساتھ کھڑے ہونے اور حق پر جمے رہنے کا جذبہ ہے، ممکن ہے کہ لوگ تاویل کریں اور کہیں کہ نہیں صاحب یہ عمل تو ہو رہا ہے حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ جس طرح روک تھام کا عمل کیا جانا چاہیے نہیں ہو رہا اور اکثر و بیشتر نہیں کیا جاتا ہے، ذرا امام نووی اپنے عہد میں جو کچھ لکھتے ہیں اس کو پڑھیے اور اپنے عہد کا جائزہ لیجیے، یاد رہے کہ امام نووی کا زمانہ ساتویں صدی ہجری ہے، وہ لکھتے ہیں: ''**اعلم أن الأمر بالمعروف والنھی عن المنکر قد ضیع اکثرہ من ازمان متطاولة ولم یبق منه فی ھٰذہ الأزمان الارسوم قلیلة جدا، وھو باب عظیم به قوام الأمر وملاکه، و إذا کثر الخبث عم العقاب الصالح والطالح، وإذا لم یاخذوا علی ید الظالم أوشک أن یعمھم اللّٰہ تعالیٰ بعقابه'' فلیحذر الذین یخالفون عن امرہ أن تصیبھم فتنة أو یصیبھم عذاب ألیم۔**'' (مسلم شرح النووی)

(ترجمہ: امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اس زمانے (ساتویں صدی ہجری) میں تقریباً مفقود ہو چکا ہے جس قوت کے ساتھ یہ کام ہونا چاہیے نہیں کیا جا رہا ہے، جبکہ یہ تمام قسم کے امور و معاملات کا ایک اہم نسخہ اور بڑا ذریعہ ہے، جب نافرمانیاں و خباثتیں کثرت سے جنم لینے لگتی ہیں تو پھر عقاب الٰہی خواص و عام کسی کو نہیں چھوڑتا، اگر ظالم کا ہاتھ نہ روکا جائے اس کی گرفت نہ کی جائے تو قریب ہے اللہ تمام لوگوں کو عذاب میں مبتلا کر دے، (العیاذ باللہ) ڈرنا چاہیے ان لوگوں کو جو اس کے حکم کی خلاف ورزی کر رہے ہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی فتنہ و آزمائش ان کو آ پکڑے، یا دردناک عذاب ان کو پہنچے)

آج صورت حال یہ ہے کہ ظلم کو ظلم اور ظالم کو ظالم کہنے میں بھی مصلحتیں آڑے آتی ہیں، صریح ناانصافیوں کو بھی ناانصافی کہنے سے لوگ ناراض ہو جاتے ہیں، کھلے عام اسلامی اقدار کی پامالی پر نکیر کرنا بھی جرم شمار ہوتا ہے، عجیب حال ہو چکا ہے کہ آدمی ملت کی تباہی کا سامان کھلے عام کرتا ہے، اس کے اثرات متعدی ہوتے ہیں مگر جب اس پر کھلے عام نقد کیا جائے، تردید کی جائے، صحیح بات پہنچانے کی کوشش کی جائے تو لوگ کہتے ہیں کہ یہ بات چپکے سے بھی تو کہی جا سکتی ہے، اور خدانخواستہ اگر ناانصافی، بے اعتدالی، عدم مساوات، حق تلفی، غیبت و چغلخوری و جعلسازی اور کھلے عام دھاندلی ظلم اصحاب ثروت و مناصب اور اصحاب حیثیت و وجاہت کی طرف سے ہو تو پھر تو زبان کھولنا بھی جرم، انگلی رکھنا بھی گناہ اور الدین النصیحة پر عمل بھی صریح گستاخی شمار ہوتی ہے، حالانکہ حضرت ابوسعید خدری کی روایت ہے:

**أن رسول اللّٰہؐ قام خطیبا فکان فیما قال ''ألا لا یمنعن رجلا ھیبة الناس أن یقول بحق إذا علمه** (ترمذی ۲/۳۰، ابن ماجہ ۴۰۰۷)

(ترجمہ: اللہ کے رسول منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور ارشاد فرمایا: کسی کا ہیبت و جلال تم کو حق بات کہنے سے نہ روکے جس کو تم حتمی طور پر جانتے ہو) حضرت ابوسعید خدری ہی یہ روایت بھی نقل کرتے ہیں، ان من اعظم الجہاد کلمة عدل عند سلطان جائر (ابوداؤد ۴۳۴۴، ترمذی ۲۱۷۴، ابن ماجہ ۴۰۱۱)

(ترجمہ: سب سے بڑا جہاد ظالم و جابر بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا ہے)

اس دنیا میں انسان شتر مرغ کی طرح زندگی نہیں گذار سکتا کہ گھٹنو میں گردن ڈال لے اور سمجھے کہ سب کچھ صحیح چل رہا ہے، نہ طاقت ور اور صاحب اختیار کمزور کو ستا رہا ہے، نہ حکومتیں ظلم ڈھا رہی ہیں، نہ اصحاب مناصب اپنے منصب کا بے جا استعمال کر رہے ہیں، نہ اموال کے ذمہ داران بے محل صرف کر رہے ہیں نہ ہر چھوٹا بڑا صاحب اختیار اپنے اختیارات کا بے جا استعمال کر رہا ہے، اس دنیا میں عقابی نظر کے ساتھ جینا ضروری ہے، نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دینا واجب ہے، ورنہ لوگ بے نکیل اونٹ کی طرح جہاں چاہیں گے منہ ماریں گے، نظام کی چولیں ہل جائیں گے، انتظام دشوار ہو جائے گا، بے عملی و بدعملی کا چلن ہوگا، حق گوئی کی جگہ بدگوئی اور چاپلوسی محمود قرار پائے گی، بنی اسرائیل پر لعنت اسی لیے بھیجی گئی کہ انھوں نے برائیوں کی روک تھام سے کنارہ کشی کر لی، ان کے معاشرہ میں لوگ ظلم کرتے رہے، بے عملی کے مرتکب ہوتے رہے اور انھوں نے چشم پوشی سے کام لیا، نہی عن المنکر سے راہ فرار اختیار کی، آج ہماری قوم کی جو صورت حال ہے، زوال نے جس طرح ہر طرف سے اور ہر جگہ گھیر لیا ہے اس کی بڑی وجہ منکر کی نکیر نہ کرنا ہے، یہ سوچ کر چپ رہنا کہ ان کا عمل ہے وہ جانیں، وہ صاحب اختیار ہیں جو چاہیں کریں، ان کا دائرہ کار ہے اس میں وہ آزاد ہیں، اس روش پر چلنے سے پہلے تو برائی کے اثرات لازم ہوتے ہیں، پھر متعدی ہو جاتے ہیں، ادارے کمزور پڑتے ہیں، تنظیمیں کمزور ہوتی ہیں، جماعتیں ٹوٹتی ہیں اور پھر من حیث القوم زوال مقدر ہوتا ہے حتی کہ وہ وقت آتا ہے جس کی طرف حضرت عائشہ کی اس روایت میں اشارہ کیا گیا ہے۔ **قالت سمعت رسول اللّٰہ یقول ''مروا بالمعروف، وانھوا عن المنکر قبل أن تدعوا فلا یستجاب لکم** (ابن ماجہ ۴۰۰۴)


(ترجمہ: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے اللہ کے رسولؐ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ بھلائی کا حکم دو اور برائی سے روکو قبل اس کے کہ تم دعا مانگو اور تمہاری دعائیں قبول نہ کی جائیں)

معروفات کی فہرست بہت طویل ہے جس میں سر فہرست توحید ہے اور پھر ہر اچھا کام معروف کی فہرست میں شامل ہے، اس طرح منکرات میں سرفہرست شرک ہے اور پھر ہر وہ عمل جو خلاف شرع اور اللہ کی ناراضگی کا سبب ہو وہ منکر ہے، امر بالمعروف کا مطلب ہے نجات دلانے والی چیزوں کی طرف رہنمائی کرنا، خیر کی دعوت دینا، خیر کی طرف بلانا، کتاب و سنت کے مطابق جو بات ہو وہ معروف ہے، بندے کا جو قول و عمل اللہ کو راضی کرے وہ معروف ہے، اسی طرح منکر معروف کی ضد ہے، چنانچہ نہی عن المنکر کا مطلب ہے کہ جو چیز بھی شرعاً درست نہ ہو اس کی قباحتوں کو واضح کیا جائے، جو چیز بھی شریعت میں قابل نفرت ہو اس سے نفرت کی جائے، نفسانیت و شہوانیت اور خواہشات کی طرف اگر دل کا میلان ہو تو اس سے روکا جائے، ہر برائی سے روکا جائے، جو کچھ شریعت کے مزاج و مذاق کے موافق نہ ہو اس پر تنبیہ کی جائے۔

امر بالمعروف میں کوتاہی اور نہی عن المنکر سے فرار اختیار کرنا بلکہ اس کو تقریباً متروک کر دینا امت کے اسباب زوال میں سے ایک اہم سبب ہے کیونکہ یہی وہ چیز ہے جس کے وجود سے پختہ اور محکم رائے بن سکتی ہے، ظلم سے پاک معاشرہ تشکیل پا سکتا ہے، ادارے اور تنظیمیں مضبوط و طاقتور ہو سکتے ہیں، اسی فریضہ کے ذریعہ امت کے فضائل و اخلاق اور اس کی افضلیت کی حفاظت کی جا سکتی ہے، یہی وہ فریضہ ہے جو اس امت کی افضلیت کا سبب اصلی ہے، اگر یہ فریضہ انجام دیا جاتا رہے تو امت ترقی کرتی رہے گی، امت میں زندگی کے اسباب پیدا ہوتے رہیں گے دل دماغ چوکنا اور ضمیر بیدار رہے گا، امت کے اندر خصائل حمیدہ اور فضائل جنم لیں گے لیکن اگر اس سے پہلو تہی اختیار کی گئی جیسا کہ کی جا رہی ہے تو پھر امت میں منکرات عام ہوں گے، پردہ خفا میں رہنے کے بجائے سر راہ انجام دیے جائیں گے، رذائل کا چلن ہوگا، دل مضمحل اور دماغ کند ہوگا، بے ضمیری عام ہو جائے گی، سچی بات یہ ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں تفریق نہیں کی جا سکتی، طریقہ کار مختلف ہو سکتا ہے مگر دونوں میں سے کسی ایک کو متروک نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی کسی ایک سے اعراض ممکن ہے، دونوں کا مجموعہ اس امت کا فریضہ ہے، بنص قطعی یہی اس امت کی افضلیت کے وسعادت اور اس کے عروج اور سبز و شاداب زندگی کی ضمانت ہے، یقینا غلط کو غلط کہنا بہت مشکل کام ہے، بسا اوقات غلط کہنے سے بڑی تکلیف بھی ہوتی ہے مگر سچ یہ ہے کہ

دل ٹوٹنے سے تھوڑی تکلیف تو ہوئی
لیکن تمام عمر کو آرام ہو گیا

## حدیث نبوی ﷺ



حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: جس گھر میں کتا یا جاندار کی تصویر ہوتی ہے اس میں فرشتے نہیں جاتے ہیں۔ (مسلم)

لکھنؤ سے شائع ہونے والا اردو روزنامہ
لوہیا نامہ
URDU DAILY LOHIA NAMA LUCKNOW

## آپریشن سندور

22/اپریل 2025 کو پہلگام میں سیاحوں پر ہونے والے ہولناک دہشت گرد حملے میں 26 بے گناہ جانوں کے ضیاع نے پورے ہندوستان کو غم و غصے میں مبتلا کر دیا۔ اس حملے کا جواب 15 روز بعد 6 مئی کو ''آپریشن سندور'' کی صورت میں سامنے آیا، جسے ایک منظم، ہدف شدہ اور برق رفتار فوجی کارروائی قرار دیا جا رہا ہے۔ لیکن اس آپریشن کی گونج صرف جنگی محاذ تک محدود نہیں رہی، بلکہ اس نے سفارتی، انسانی اور علاقائی سطح پر بھی کئی نئے سوالات کو جنم دیا ہے۔ ''آپریشن سندور'' کی قیادت کرنل صوفیہ قریشی اور ونگ کمانڈر ویومیکا سنگھ نے کی، جو اس کارروائی کی علامتی اور عملی طور پر قابل تحسین جہت ہے۔ محض 25 منٹ کی اس کارروائی میں پاکستان اور پاکستان مقبوضہ کشمیر کے 9 مقامات کو نشانہ بنایا گیا ان میں مظفر آباد، کوٹلی، بہاول پور، راول کوٹ، چک سواری، بمبر، وادیٔ نیلم، جہلم اور چکوال شامل ہیں۔ اس کارروائی میں 60 سے زائد دہشت گرد ہلاک اور متعدد لانچنگ پیڈ زتباہ کیے گئے۔ ہندوستانی فوج کی تکنیکی مہارت، خفیہ معلومات کا درست استعمال اور شہری آبادی کو نقصان سے بچانے کی تدابیر قابل ذکر ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ خواتین افسران کی قیادت میں ہونے والی یہ کارروائی عالمی سطح پر ہندوستان کی مسلح افواج کی صنفی ہم آہنگی اور پیشہ ورانہ اہلیت کی غماز ہے۔ یہ حملہ اپنی نوعیت، وسعت اور وقتی نفاست کے اعتبار سے محض ایک عسکری اقدام نہ تھا بلکہ ریاستی حاکمیت، اخلاقی حق و باطل اور سفارتی صبر کی آزمائش بھی تھا۔ ونگ کمانڈر ویومیکا سنگھ اور کرنل صوفیہ قریشی کی قیادت میں کی گئی اس کارروائی نے اس تاثر کو پختہ کیا کہ ہندوستانی فوج محض مردان جنگ پر مشتمل نہیں، بلکہ اس کے اندر وہ نسوانی جگر بھی دھڑک رہا ہے جو جذبہ انتقام میں نہیں، جذبہ تحفظ میں جلتا ہے۔ اس جوابی کارروائی کے بعد پاکستانی فوج کی طرف سے لائن آف کنٹرول پر جوابی گولہ باری کا آغاز ہوا، جس میں 9 دیہاتی ہلاک اور درجنوں زخمی ہوئے۔ راجوری اور پونچھ جیسے سرحدی علاقوں میں عام شہریوں کے مکانات تباہ ہوئے اور 150 سے زائد خاندان نقل مکانی پر مجبور ہو گئے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ کے اس باب میں سب سے زیادہ خمیازہ ہمیشہ ان بے گناہ شہریوں کو بھگتنا پڑتا ہے جو نہ جنگ کے فریق ہوتے ہیں اور نہ ہی اس سے ان کا کوئی تعلق ہوتا ہے۔ آپریشن کے فوراً بعد قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے امریکہ، روس، فرانس، جاپان، برطانیہ اور خلیجی ممالک کے ہم منصبوں سے رابطہ کر کے واضح کیا کہ ہندوستان اس کارروائی سے کشیدگی کو نہیں بڑھانا چاہتا، مگر وہ دہشت گردی کے خلاف ''پیشگی دفاعی حق'' محفوظ رکھتا ہے۔ اقوام متحدہ اور برطانیہ جیسے طاقتور فریقوں نے دونوں ممالک سے تحمل برتنے کی اپیل کی ہے، جب کہ برطانیہ نے ثالثی کی پیشکش بھی کی۔ لیکن سوال یہ ہے کہ دہشت گردی کے خلاف کارروائی اور دو طرفہ تعلقات کی نوعیت کے بیچ کی لکیر کب اور کیسے کھینچی جائے؟

وزیر اعظم مودی نے کابینہ میٹنگ میں آپریشن کو ''فخر کا لمحہ'' قرار دیتے ہوئے فوجی منصوبہ بندی کی درستگی کو سراہا، جب کہ وزیر داخلہ امت شاہ نے سرحدی ریاستوں کے حکام کے ساتھ ہنگامی اجلاس طلب کر کے داخلی سلامتی کو مضبوط بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا۔ کانگریس اور دیگر اپوزیشن جماعتوں کو 8 مئی کی آل پارٹی میٹنگ میں اعتماد میں لینا اس بات کی علامت ہے کہ حکومت داخلی سیاسی اتفاق رائے کو مدنظر رکھنا چاہتی ہے۔ ''آپریشن سندور'' کے بعد فضائی حدود کی بندش، سفری پابندیاں اور داخلی سلامتی کے غیر معمولی انتظامات اس بات کا اعلان ہیں کہ جنگ کے شعلے صرف دشمن کی بستیوں کو نہیں جھلساتے، بلکہ اپنی دہلیز کو بھی راکھ میں لپیٹ لیتے ہیں۔ ایسی ہر کامیابی، جو خون کے چراغوں سے روشن ہو، اپنے ساتھ ندامت کی ایک ہلکی سی لہر ضرور لاتی ہے۔ بلاشبہ یہ کارروائی دہشت گردی کے خلاف ایک ٹھوس قدم ہے، لیکن سوال یہ ہے کہ کیا اس سے دہشت گردی کی جڑیں کٹیں گی یا صرف شاخیں ٹوٹیں گی؟ کیا ریاستی قوت کی برتری دیرپا امن کی ضامن بن سکتی ہے؟ یا پھر بار بار ایسی ہی کارروائیوں کا تسلسل نئے زخموں، نئی نفرتوں اور نئی نسلوں میں انتقام کا بیج بوئے گا؟ ایسے نازک لمحوں میں ریاست کو صرف قوت کے توازن سے نہیں، فہم، برداشت اور حکمت سے بھی کام لینا ہوتا ہے۔ کیونکہ دہشت گردی کا خاتمہ بندوق کی نال سے نہیں، فکری تطہیر سے ہوتا ہے۔ جب تک تعلیمی ادارے، سماجی ڈھانچے اور مذہبی تعبیرات کو امن و بقائے باہمی کے اصولوں پر استوار نہیں کیا جاتا، ہر آپریشن صرف وقتی تسکین کا سامان بنے گا۔ یہ وقت ہے کہ ہندوستان صرف آتش و آہن کا نقیب نہ بنے، بلکہ امن کا سفیر، انسانیت کا معمار اور آئندہ نسلوں کیلئے ایک محفوظ ورثہ چھوڑنے والا باہمت ملک بنے۔ جنگ کے اس پار اگر کچھ باقی رہنا چاہیے تو وہ انسان کا شعور، قوم کا وقار اور عالم کا امن ہے۔

# نشی کانت کی آڑ میں عدلیہ پر حملہ، اصل منصوبہ ساز پس پردہ

**نشی کانت دوبے اور جگدیپ دھنکھڑ کے بیانات عدلیہ پر اتفاقی حملے نہیں، بلکہ ایک بڑی حکمت عملی کا حصہ ہیں جس کا مقصد عدالتی آزادی کو کمزور اور اداروں پر عوامی اعتماد کو متزلزل کرنا ہے**

سنجے ہیگڑے

جب کوئی رکنِ پارلیمان عدلیہ کے خلاف مہم چلاتا ہے، تو یہ محض غصے کا اظہار نہیں ہوتا بلکہ ایک اشارہ اور منصوبہ بند پیغام ہوتا ہے۔ نشی کانت دوبے کا معاملہ بھی اسی نوعیت کا ہے۔ حال ہی میں ایک خبر رساں ادارے کو دیا گیا ان کا بیان محض زبان کی لغزش نہیں، بلکہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کیا گیا حملہ ہے۔ اسی لیے اس پر ملک کی طرف سے ردعمل بھی سوچا سمجھا ہونا چاہیے۔

دوبے کا متنازع بیان تھا: ''اگر جج قانون بنانا چاہتے ہیں تو پارلیمان کو بند کر دیں۔'' ان کے الفاظ محض عدالتی فعالیت پر تنقید نہیں تھے بلکہ آئینی جمہوریت میں عدالتی نظر ثانی کے تصور پر حملہ تھے۔ اس بیان کی وجہ سپریم کورٹ کی جانب سے ترمیم شدہ وقف ایکٹ 2025 کی چند دفعات پر حکومت سے سخت سوالات کرنا تھا۔ عدالت نے پورے قانون پر پابندی نہیں لگائی بلکہ حکومت کی تجویز کردہ عارضی معطلی کو اگلی سماعت تک قبول کیا۔ یہ عدالتی تجاوز نہیں بلکہ مناسب قانونی عمل تھا۔

اس کے باوجود دوبے کا غصہ شدید تھا اور بظاہر یہ سیاسی آقاؤں کے اشارے پر کیا گیا عمل تھا۔ سوال یہ ہے کہ کیوں؟ کیونکہ ترمیم شدہ وقف قانون کی چند دفعات کی معطلی سے حکمران جماعت کا سیاسی بیانیہ متاثر ہو سکتا ہے۔ یہ قانون مسلمانوں کی اجتماعی ملکیت والی وقف جائیدادوں کو متاثر کرتا ہے، جن کی تاریخی جڑیں گہری ہیں۔ بی جے پی اسے تجاوزات کے خلاف اقدام کہتی ہے۔ عدالت نے احتیاط برتنے کا کہا، مگر دوبے نے اسے اکسانے والی کارروائی قرار دے دیا۔

یہ محض املاک کا معاملہ نہیں، بلکہ بہار اور پھر بنگال میں ہونے والے انتخابات سے بھی جڑا ہے جہاں مذہبی بنیاد پر قطبی سیاست آزمودہ نسخہ ہے۔ اگر عدلیہ نے رکاوٹ ڈالی تو ساری محنت پر پانی پھر سکتا ہے۔ اس لیے حکمت عملی واضح ہے، عدلیہ کی ساکھ کو ٹکڑے ٹکڑے کر دو۔

ظاہری طور پر دوبے اکیلے نہیں ہیں۔ نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ بھی، جو کہ راجیہ سبھا کے چیئرمین ہیں اور جن سے غیر جانبداری کی توقع کی جاتی ہے، سپریم کورٹ پر براہ راست حملہ آور ہو گئے۔ جب عدالت نے حکم دیا کہ گورنرز زیر التوا بلوں پر مناسب وقت میں فیصلہ کریں، تو دھنکھڑ نے عدالت کی تشریح پر حملہ کیا اور آرٹیکل 142 کے استعمال کو 'ایٹمی میزائل' قرار دیا۔

ایسی زبان کا استعمال محض اتفاق نہیں ہے۔ جب نائب صدر یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ججز مقننہ اور انتظامیہ کے دائرہ اختیار میں مداخلت کر رہے ہیں تو یہ محض ذاتی خیالات نہیں بلکہ ادارہ جاتی بیانیہ بن جاتا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ محض ایک فرد کا ذاتی حملہ نہیں، بلکہ ایک منصوبہ بند مہم ہے۔ جب اعلیٰ عہدیدار عدلیہ کے اختیار پر شک کا اظہار کرتے ہیں تو وہ اختیارات کی علیحدگی کا دفاع نہیں بلکہ اس کی نئی تعریف پیش کر رہے ہوتے ہیں۔

گورنروں سے متعلق فیصلے میں عدالت نے محض یہ یاد دہانی کرائی کہ بلوں کو غیر معینہ مدت تک معطل نہ رکھا جائے، جو وفاقیت کی روح کے مطابق ہے۔ اس کے باوجود اس پر انفرادی نہیں بلکہ ادارہ جاتی ردعمل سامنے آیا۔ گویا اب آئینی ڈسپلن کی بات بھی خطرہ سمجھی جا رہی ہے۔

جب بھی سپریم کورٹ حکومت کو پیچھے ہٹنے پر مجبور کرتا ہے، چاہے وہ انتخابی بانڈ کا معاملہ ہو یا مرکزی ایجنسیوں کے بے لگام اختیارات کا، حکومت کی طرف سے ناراضگی کا مظاہرہ ضرور ہوتا ہے۔ پھر عدالت کو بدعنوان اور اقربا پرور کالجیم کے تابع ادارہ قرار دیا جاتا ہے۔ یہ الگ الگ واقعات



نہیں بلکہ ایک بڑے منصوبے کا حصہ ہیں: پہلے بدنام کرنا، پھر توجہ بھٹکانا اور آخر کار حاوی ہو جانا۔

یہ حکمت عملی پرانی آمرانہ تکنیک ہے: صبر کا امتحان لینا، ردعمل پر اکسانا اور پھر ادارہ کو ولن بنا دینا۔ اگر عدلیہ توہین عدالت کی کارروائی کرتی ہے تو اسے مغرور اور نخوت پسند کہا جاتا ہے اور اگر خاموشی اختیار کرتی ہے تو کمزور قرار دیا جاتا ہے۔ ہر صورت میں ہنگامہ کرنے والوں کی جیت ہوتی ہے۔

اگر یہ حملے کامیاب ہو گئے تو عدلیہ کو غیر مؤثر کرنے کے لیے اسے بند کرنے کی ضرورت نہیں، صرف اس پر عوامی شکوک پیدا کرنے کی ضرورت ہوگی۔ جب ریفری کی ساکھ ختم ہو جائے تو کھیل کے نتیجے پر بھلا کون اعتماد کرے گا؟

ہم اسی سمت بڑھ رہے ہیں۔ دوبے کا 'خانہ جنگی' والا بیان محض غیر ذمہ دارانہ نہیں بلکہ خطرناک ہے۔ یہ محض عدالتی بنچ کو چیلنج نہیں کرتا بلکہ عوام کو اس کے خلاف اکساتا ہے۔ ایمرجنسی کا تجربہ بتاتا ہے کہ جب عدلیہ سیاسی دباؤ میں جھک جاتی ہے تو کیا ہوتا ہے اور جب نہیں جھکتی تو کیا سلوک ہوتا ہے۔ یہ معاملہ صرف ایک رکنِ پارلیمان کا نہیں ہے۔ یہ ایک منظم سازش کا حصہ ہے جس کا نشانہ عدلیہ کی آزادی ہے۔ نشی کانت دوبے محض ایک مہرہ ہیں، ایک آزمائشی ہتھیار، جسے دروازے کو توڑنے سے قبل اس کی طاقت کا اندازہ لگانے کے لیے چلایا جاتا ہے۔ تو پھر سوال یہ ہے کہ کیا کیا جائے؟

اٹارنی جنرل کو مداخلت کرنی چاہیے، انتقامی جذبے سے نہیں بلکہ ادارہ جاتی سالمیت کے تحفظ کے لیے۔ قانون کو جواب دینا چاہیے، مگر تحمل اور حکمت سے۔ جج صاحبان کو جب مناسب ہو، عوام کے سامنے آ کر وضاحت کرنی چاہیے کہ عدالتی نگرانی کیوں اہم ہے اور جمہوریت میں اختیارات میں توازن کیوں ضروری ہے۔ پارلیمنٹ میں اپوزیشن بھی خاموش نہیں رہ سکتی۔ اسے ان حملوں کی مذمت کرتے ہوئے قرارداد پیش کرنی چاہیے اور جوابدہی کا مطالبہ کرنا چاہیے۔ اگر بچی کھچی مقننہ بھی خاموش رہی تو وہ بھی اس سازش میں شریک سمجھی جائے گی۔ اور عوام؟ ہماری بیداری ہی آخری دفاعی دیوار ہے۔ وکلا، صحافی، طلبہ: بولیے! سچ کو عام کیجیے، جھوٹ کو بے نقاب کیجیے۔ اس ملک کو یاد دلائیے کہ 1977 میں ہم نے آمریت کے جبڑوں سے جمہوریت کو واپس حاصل کیا تھا اور اگر ضرورت پڑی تو دوبارہ بھی ایسا کریں گے۔ دوبے نے سوال اٹھایا ہے، ''ججوں کا احتساب کون کرے گا؟'' ہم کریں گے: عدالتوں میں، عوامی مباحثے میں اور بیلٹ باکس میں لیکن نہ دھمکیوں کے ذریعے اور نہ گالی گلوچ سے، اور نہ ہی 1950 سے چلی آ رہی آئینی ترتیب کو تباہ کرنے کے ارادے سے۔

یہ درست ہے کہ عدلیہ بے عیب نہیں لیکن جب سیاستدان اپنی تلواریں تیز کرتے ہیں تو ججوں کو آئین کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔ کیونکہ اگر وہ ایسا نہیں کرتے تو ستون گر جاتے ہیں اور جب ستون گرتے ہیں تو ان پر ٹکی چھت دھڑام سے ہم سب پر آ گرتی ہے۔ اب یہ سوال نہیں رہا کہ آیا یہ کسی منصوبہ بند حکمت عملی کا حصہ ہے: یہ بلا شبہ ہے۔ اب صرف ایک سوال باقی رہ گیا ہے، کیا عدالت اپنے خول میں سمٹ جائے گی یا قوم کو یاد دلائے گی کہ وہ دیگر اداروں سے کیوں بلند ہے؟

(مضمون نگار سنجے ہیگڑے سپریم کورٹ میں سینئر وکیل ہیں)

